© rasailojaraid.com



جاتا ہے۔قارئین کو چاہیے کہ اس کتاب کو بھی خرید کر کے مطالعہ فرمائیں تا کہ عیدین کو سنت نبویؐ اور اسلامی طریقہ کے مطابق ادا کیا جا سکے۔

☆......☆......☆......☆......☆




نام کتاب: مسائل قربانی

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

صفحات: 108

قیمت: 65روپے

ناشر: مکتبہ قدوسیہ رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم سنت ہے۔ جسے اسلام میں بھی برقرار رکھا گیا ہے۔ مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر بڑے اہتمام سے اس سنت ابراہیمی پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اپنے قربانی کے جانوروں کو ذبح کرتے ہیں۔ امر واقعہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ قربانی کی اہمیت سے آشنا نہیں ہیں اور وہ جانور ذبح کرتے وقت بعض ایسے کام کر جاتے ہیں جس سے اس عظیم سنت کی غرض و غایت مفقود ہو جاتی ہے۔ اسی بات کو ملحوظ رکھ کر محترم ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب نے اصلاح کے لیے ''مسائل قربانی'' تصنیف کی ہے۔ اس کتاب میں قربانی کی اہمیت' قربانی کرنے والے کے لیے اسلامی تعلیم' حاجی کی قربانی' میت کی طرف سے قربانی' قربانی کے جانور کی عمر' خصی اور غیر خصی جانور کا مسئلہ' اونٹ اور گائے میں حصوں کی تعداد' قربانی کا وقت' قربانی کے ایام' قربانی کا طریقہ' اونٹ نحر کرنے کا طریقہ' قربانی کے گوشت کی تقسیم' کون سے جانور کی قربانی درست نہیں اور عشرہ ذوالحجہ کے فضائل و مسائل پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ مسائل قربانی پر یہ ایک جامع کتاب ہے۔ تمام مسلمان اس کتاب سے حظ وافر اٹھا سکتے ہیں۔

کتاب ہر معیار سے معیاری اور خوبصورت ہے۔ عید قرباں پر یہ ایک عمدہ تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ خیر دے حضرت ڈاکٹر پروفیسر فضل الٰہی صاحب کو کہ انہوں نے اس کتاب میں موضوع سے متعلقہ کسی پہلو کو بھی تشنہ نہیں چھوڑا اور صحیح احادیث کے تناظر میں مسائل و احکام کی عقدہ کشائی کی ہے۔

کتاب کی کمپوزنگ' کاغذ' پرنٹنگ اور خوبصورت ٹائٹل قدوسی برادران کے اعلیٰ ذوق کی عکاسی کرتا ہے' جبکہ اس کتاب میں شامل مستند مواد قاری کی توجہ کا اہم مرکز ہے۔ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کے علم و عمل اور عمر میں برکت دے کہ وہ اسی طرح کی اصلاحی کتب حوالہ قرطاس کرتے رہیں۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

© rasailojaraid.com